أَحَسِبَ النَّاسُ أَن يُتْرَكُوا أَن يَقُولُوا آمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُونَ

اور کیا سمجھ رکھا ہے انسانوں نے یہ کہ وہ چھوڑ دیے جائیں گے محض اتنا کہنے پر کہ ایمان لائے ہم (اللہ پر) اور انکو آزمایا نہ جائے گا؟

# الْعَنكَبُوتِ

## بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

---

الم (١)

الف لام میم ۔

أَحَسِبَ النَّاسُ أَن يُتْرَكُوا أَن يَقُولُوا آمَنَّا

کیا یہ سمجھتے ہیں لوگ کہ چھوٹ جائیں گے اتنا کہہ کر، کہ ہم یقین لائے،

وَهُمْ لَا يُفْتَنُونَ (٢)

اور انکو جانچ (آزما) نہ لیں گے ۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ

اور ہم نے جانچا (آزمایا) ہے اُنکو جواُن سے پہلے تھے،

فَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ صَدَقُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكَاذِبِينَ (٣)

سو البتہ معلوم کرے گا اللہ جو لوگ سچے ہیں، اور البتہ معلوم کرے گا جھوٹے ۔

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ أَن يَسْبِقُونَا

کیا یہ سمجھے ہیں جو لوگ کرتے ہیں بُرائیاں؟ کہ ہم سے چھپر (بازی لے) جائیں ۔

سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ (٤)

بُری بات چکاتے (طے کرتے) ہیں ۔

مَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ اللَّهِ فَإِنَّ أَجَلَ اللَّهِ لَآتٍ

جو کوئی توقع رکھتا ہے اللہ کی ملاقات کی، سو اللہ کا وعدہ آتا ہے ۔

وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (٥)

اور وہ ہے سنتا جانتا ۔

وَمَن جَاهَدَ فَإِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهِ

اور جو کوئی محنت اٹھائے، سو اٹھاتا ہے اپنے ہی واسطے۔

إِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ (٦)

اللہ کو پرواہ نہیں جہان والوں کی۔

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ

اور جو لوگ یقین لائے اور کئے بھلے کام، ہم اتار دیں گے اُنسے بُرائیاں انکی،

وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَحْسَنَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ (٧)

اور بدلہ دیں گے بہتر سے بہتر کاموں کا۔

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا

اور ہم نے تقید (پابند) کر دیا انسان کو اپنے ماں باپ سے بھلے رہنا۔

وَإِن جَاهَدَاكَ لِتُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا

اور اگر وہ تجھ سے زور کریں کہ تو شریک پکڑ میرا جسکی تجھ کو خبر نہیں، تو انکا کہا نہ مان۔

إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (٨)

مجھی تک پھر (لوٹ) آنا ہے تم کو، سو میں جتا دوں گا جو کچھ تم کرتے تھے۔

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصَّالِحِينَ (٩)

اور جو لوگ یقین لائے اور بھلے کام کئے، ہم انکو داخل کریں گے نیک لوگوں (صالحین) میں۔

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ

اور ایک لوگ ہیں کہ کہتے ہیں یقین لائے ہم اللہ پر،

فَإِذَا أُوذِيَ فِي اللَّهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللَّهِ

پھر جب اسکو ایذا پہنچے اللہ کے واسطے، ٹھہرا دے لوگوں کا ستانا برابر اللہ کی مار کے۔

وَلَئِن جَاءَ نَصْرٌ مِّن رَّبِّكَ لَيَقُولُنَّ إِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ

اور اگر آ پہنچے مدد تیرے رب کی طرف سے، کہنے لگیں، ہم تو تمہارے ساتھ تھے۔

أَوَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِمَا فِي صُدُورِ الْعَالَمِينَ (١٠)

کیا یوں نہیں کہ اللہ خوب خبردار ہے جو کچھ جیوں (دلوں) میں ہے جہان والوں کے۔

وَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنَافِقِينَ (١١)

اور البتہ معلوم کرے گا اللہ جو یقین لائے ہیں، اور البتہ معلوم کرے گا جو لوگ دغاباز ہیں۔

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا اتَّبِعُوا سَبِيلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطَايَاكُمْ

اور کہنے لگے منکر ایمان والوں کو، تم چلو ہماری راہ، اور ہم اٹھا لیں گے تمہارے گناہ۔

وَمَا هُم بِحَامِلِينَ مِنْ خَطَايَاهُم مِّن شَيْءٍ

اور وہ کچھ نہ اٹھائیں گے اُنکے گناہ۔

إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ (١٢)

وہ جھوٹے ہیں۔

وَلَيَحْمِلُنَّ أَثْقَالَهُمْ وَأَثْقَالًا مَّعَ أَثْقَالِهِمْ

اور البتہ اٹھائیں گے اپنے بوجھ اور کتنے بوجھ ساتھ اپنے بوجھ کے۔

وَلَيُسْأَلُنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَمَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ (١٣)

اور البتہ ان سے پوچھ ہوگی قیامت کے دن، جو باتیں جھوٹ بناتے تھے۔

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَى قَوْمِهِ

اور ہم نے بھیجا نوح کو اسکی قوم پاس،

فَلَبِثَ فِيهِمْ أَلْفَ سَنَةٍ إِلَّا خَمْسِينَ عَامًا

پھر رہا ان میں ہزار برس پچاس برس کم۔

فَأَخَذَهُمُ الطُّوفَانُ وَهُمْ ظَالِمُونَ (١٤)

پھر پکڑا انکو طوفان نے، اور وہ گنہگار تھے۔

فَأَنجَيْنَاهُ وَأَصْحَابَ السَّفِينَةِ

پھر بچا دیا ہم نے اس کو اور جہاز والوں کو،

وَجَعَلْنَاهَا آيَةً لِّلْعَالَمِينَ (١٥)

اور رکھا ہم نے جہاز نشانی جہان والوں کو۔

وَإِبْرَاهِيمَ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ

اور ابراہیم کو جب کہا اپنی قوم کو، بندگی کرو اللہ کی اور اس کا ڈر رکھو۔

ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (١٦)

یہ بہتر ہے تم کو، اگر تم سمجھ رکھتے ہو۔

إِنَّمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَوْثَانًا وَتَخْلُقُونَ إِفْكًا

تم تو پُوجتے ہو اللہ کے سوا یہی بُتوں کے تھان اور بناتے ہو جھوٹی باتیں۔

إِنَّ الَّذِينَ تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَا يَمْلِكُونَ لَكُمْ رِزْقًا

بیشک جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوا، مالک نہیں تمہاری روزی کے،

فَابْتَغُوا عِندَ اللَّهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوهُ وَاشْكُرُوا لَهُ

سو تم ڈھونڈو اللہ کے ہاں روزی اور اسکی بندگی کرو، اور اسکا حق مانو۔

إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (١٧)

اسی کی طرف پھر (لوٹ) جاؤ گے۔

وَإِن تُكَذِّبُوا فَقَدْ كَذَّبَ أُمَمٌ مِّن قَبْلِكُمْ

اور اگر تم جھٹلاؤ گے، تو جھٹلا چکے ہیں بہت فرقے تم سے پہلے۔

وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ (١٨)

اور رسول کا ذمہ یہی ہے پہنچا دینا کھول کر۔

أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللَّهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ

کیا دیکھتے نہیں کیونکر شروع کرتا ہے اللہ پیدائش کو؟ پھر اس کو دہرائے گا،

إِنَّ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ (١٩)

یہ اللہ پر آسان ہے۔

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ بَدَأَ الْخَلْقَ

تُو کہہ، ملک میں پھرو، پھر دیکھو، کیونکر شروع کی ہے پیدائش؟

ثُمَّ اللَّهُ يُنشِئُ النَّشْأَةَ الْآخِرَةَ

پھر اللہ اٹھائے گا پچھلا اُٹھان (عطا کریگا زندگی آخرت کی)۔

إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (٢٠)

بیشک اللہ ہر چیز کر سکتا ہے۔

يُعَذِّبُ مَن يَشَاء وَيَرْحَمُ مَن يَشَاء

مار (سزا) دے گا جس کو چاہے، اور رحم کرے جس پر چاہے۔

وَإِلَيْهِ تُقْلَبُونَ (٢١)

اور اسی کی طرف پھر (لوٹائے) جاؤ گے۔

وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاء

تم (اللہ کو) چپر جانے (عاجز کرنے) والے نہیں زمین میں، اور نہ آسمان میں۔

وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ (٢٢)

اور کوئی نہیں تمہارا اللہ سے ورے (سوا) حمایتی، اور نہ مددگار۔

وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ وَلِقَائِهِ أُوْلَئِكَ يَئِسُوا مِن رَّحْمَتِي

اور جو لوگ منکر ہوئے اللہ کی باتوں سے، اور اسکے ملنے سے وہ ناامید ہوئے میری مہر (رحمت) سے،

وَأُوْلَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (٢٣)

اور انکو دُکھ کی مار ہے۔

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَن قَالُوا اقْتُلُوهُ أَوْ حَرِّقُوهُ

پھر کچھ جواب نہ تھا اسکی قوم کا، مگر یہی کہ بولے اس کو مار ڈالو یا جلا دو،

فَأَنجَاهُ اللَّهُ مِنَ النَّارِ

پھر اسکو بچا دیا اللہ نے آگ سے۔

إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ (٢٤)

اس میں بڑے پتے (نشانیاں) ہیں ان لوگوں کو جو یقین لاتے ہیں۔

وَقَالَ إِنَّمَا اتَّخَذْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ أَوْثَانًا مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

اور بولا، جو ٹھہرائے ہیں تم نے اللہ کے سوا بتوں کے تھان، سو دوستی کر کر آپس میں دنیا کی زندگی میں۔

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُم بِبَعْضٍ وَيَلْعَنُ بَعْضُكُم بَعْضًا

پھر دن قیامت کے منکر ہو جاؤ گے ایک سے ایک اور پھٹکارو گے ایک کو ایک۔

وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ (٢٥)

اور ٹھکانا تمہارا آگ ہے، کوئی نہیں تمہارے مددگار۔

فَآمَنَ لَهُ لُوطٌ وَقَالَ إِنِّي مُهَاجِرٌ إِلَى رَبِّي

پھر مانا اسکو لوط نے ۔ اور وہ بولا میں وطن چھوڑتا ہوں اپنے رب کی طرف ۔

إِنَّهُ هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (٢٦)

بیشک وہی ہے زبردست حکمت والا ۔

وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَقَ وَيَعْقُوبَ وَجَعَلْنَا فِي ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ

اور دیا ہم نے اس کو اسحٰق اور یعقوب، اور رکھی اس کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب،

وَآتَيْنَاهُ أَجْرَهُ فِي الدُّنْيَا

اور دیا ہم نے اسکو اسکا نیگ (اجر) دنیا میں ۔

وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ (٢٧)

اور وہ آخرت میں نیکوں (صالحین) سے ہے ۔

وَلُوطًا إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ

اور بھیجا لوط کو جب کہا اپنی قوم کو،

إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُم بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِّنَ الْعَالَمِينَ (٢٨)

تم آتے ہو بے حیائی کے کام پر تم سے پہلے نہیں کیا وہ کسی نے جہان میں ۔

أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُونَ السَّبِيلَ وَتَأْتُونَ فِي نَادِيكُمُ الْمُنكَرَ

تم کیا دوڑتے ہو مردوں پر، اور راہ مارتے ہو؟ اور کرتے ہو اپنی مجلس میں بُرا کام ۔

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَن قَالُوا

پھر کچھ جواب نہ تھا اس کی قوم کا مگر یہی کہ بولے،

ائْتِنَا بِعَذَابِ اللَّهِ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ (٢٩)

لے آ ہم پر آفت اللہ کی اگر ہے تُو سچا ۔

قَالَ رَبِّ انصُرْنِي عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِينَ (٣٠)

بولا، اے رب! میری مدد کر ان شریر لوگوں پر ۔

وَلَمَّا جَاءتْ رُسُلُنَا إِبْرَاهِيمَ بِالْبُشْرَى قَالُوا إِنَّا مُهْلِكُو أَهْلِ هَذِهِ الْقَرْيَةِ

اور جب پہنچے ہمارے بھیجے ابراہیم پاس خوشخبری لے کر، بولے، ہم کو کھپا (ہلاک کر) دینی ہے یہ بستی ۔

إِنَّ أَهْلَهَا كَانُوا ظَالِمِينَ ﴿٣١﴾

بیشک اس کے لوگ ہو رہے ہیں گنہگار۔

قَالَ إِنَّ فِيهَا لُوطًا

بولا اس میں لوط ہے۔

قَالُوا نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَن فِيهَا

وہ بولے ہم کو خوب معلوم ہے جو کوئی اس میں ہے۔

لَنُنَجِّيَنَّهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ ﴿٣٢﴾

ہم بچالیں گے اسکو اور اسکے گھر والوں کو، مگر اسکی عورت۔ رہی رہ جانے والوں میں۔

وَلَمَّا أَن جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا

اور جب کہ پہنچے ہمارے بھیجے لوط پاس، ناخوش ہوا انکو دیکھ کر، اور خفا ہوا دل سے،

وَقَالُوا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ

اور وہ بولے نہ ڈر نہ غم کھا۔

إِنَّا مُنَجُّوكَ وَأَهْلَكَ إِلَّا امْرَأَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ ﴿٣٣﴾

ہم بچادیں گے تجھ کو اور تیرے گھر کو، مگر عورت تیری رہ گئی رہنے والوں میں۔

إِنَّا مُنزِلُونَ عَلَى أَهْلِ هَذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَاءِ

ہم کو اُتارنی ہے اس بستی والوں پر ایک آفت آسمان سے،

بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿٣٤﴾

اس پر کہ یہ بےحکم ہو رہے تھے۔

وَلَقَد تَّرَكْنَا مِنْهَا آيَةً بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿٣٥﴾

اور چھوڑ رکھا ہم نے اسکا نشان نظر آتا بوجھتے (عقلمند) لوگوں کو۔

وَإِلَى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا فَقَالَ يَا قَوْمِ

اور بھیجا مدین پاس انکا بھائی شعیب، پھر بولا اے قوم!

اعْبُدُوا اللَّهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْآخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٣٦﴾

بندگی کرو اللہ کی، اور توقع رکھو پچھلے دن (آخرت) کی، اور مت پھرو زمین میں خرابی مچاتے۔

فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

پھر اسکو جھٹلایا، تو پکڑا انکو بھونچال نے،

فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ (٣٧)

پھر صبح کو رہ گئے اپنے گھر میں اوندھے پڑے۔

وَعَادًا وَثَمُودَ وَقَد تَّبَيَّنَ لَكُم مِّن مَّسَاكِنِهِمْ

اور (ہلاک کیا) عاد اور ثمود کو، اور تم پر کھل چکا ہے انکے گھروں سے۔

وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ

اور رجھایا اُنکو شیطان نے اُنکے کاموں پر، روک دیا انکو راہ سے،

وَكَانُوا مُسْتَبْصِرِينَ (٣٨)

اور تھے ہوشیار۔

وَقَارُونَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامَانَ

اور (ہلاک کیا) قارون اور فرعون اور ہامان کو۔

وَلَقَدْ جَاءهُم مُّوسَى بِالْبَيِّنَاتِ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ

اور ان پاس پہنچا موسیٰ کھلے نشان لے کر، پھر بڑائی کرنے لگے ملک میں،

وَمَا كَانُوا سَابِقِينَ (٣٩)

اور نہ تھے (وہ ہم سے) چھپ (سبقت لے) جانے والے۔

فَكُلًّا أَخَذْنَا بِذَنبِهِ

پھر سب کو پکڑا ہم نے اپنے اپنے گناہ پر،

فَمِنْهُم مَّنْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا

پھر کوئی تھا اس پر بھیجا پتھراؤ باؤ (ہوا) سے۔

وَمِنْهُم مَّنْ أَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ

اور کوئی تھا اسکو پکڑا چنگاڑ نے۔

وَمِنْهُم مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْأَرْضَ

اور کوئی تھا کہ اسکو دھنسایا ہم نے زمین میں ۔

وَمِنْهُم مَّنْ أَغْرَقْنَا

اور کوئی تھا کہ اسکو ڈبو دیا ۔

وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلَكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (٤٠)

اور اللہ ایسا نہ تھا کہ اُن پر ظلم کرے، پر تھے وہ اپنا آپ بُرا کرتے ۔

مَثَلُ الَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاء كَمَثَلِ الْعَنكَبُوتِ

کہاوت انکی جنہوں نے پکڑے اللہ کو چھوڑ کر اور حمایتی کہاوت مکڑی کی ۔

اتَّخَذَتْ بَيْتًا

بنالیا اس نے ایک گھر ۔

وَإِنَّ أَوْهَنَ الْبُيُوتِ لَبَيْتُ الْعَنكَبُوتِ

اور سب گھروں میں بودا سو مکڑی کا گھر ۔

لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ (٤١)

اگر ان کو سمجھ ہوتی ۔

إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُونَ مِن دُونِهِ مِن شَيْءٍ

اللہ جانتا ہے جسکو پکارتے ہیں اسکے سوا کوئی چیز ہو ۔

وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (٤٢)

اور وہ زبردست ہے حکمتوں والا ۔

وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ

اور یہ کہاوتیں بٹھاتے ہیں ہم لوگوں کے واسطے ۔

وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعَالِمُونَ (٤٣)

اور ان کو بوجھتے وہی ہیں جن کو سمجھ ہے ۔

خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ

اللہ نے بنائے آسمان و زمین جیسے چاہئیں ۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّلْمُؤْمِنِينَ (٤٤)

اس میں پتہ (نشانی) ہے یقین لانے والوں کو۔

اتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ

تُو پڑھ جو اُتری تیری طرف کتاب، اور کھڑی (قائم) رکھ نماز۔

إِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ

بیشک نماز روکتی ہے بے حیائی سے، اور بُری بات سے۔

وَلَذِكْرُ اللَّهِ أَكْبَرُ

اور اللہ کی یاد ہے سب سے بڑی۔

وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُونَ (٤٥)

اور بندگی ہماری تمہاری ایک کو ہے، اور ہم اسی کے حکم پر ہیں۔

وَلَا تُجَادِلُوا أَهْلَ الْكِتَابِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ إِلَّا الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ

اور جھگڑا نہ کرو کتاب والوں سے، مگر اس طرح پر جو بہتر ہو، مگر جو ان میں بے انصاف ہیں۔

وَقُولُوا آمَنَّا بِالَّذِي أُنزِلَ إِلَيْنَا وَأُنزِلَ إِلَيْكُمْ

اور یوں کہو کہ ہم مانتے ہیں جو اُترا ہم کو، اور اُترا تم کو،

وَإِلَٰهُنَا وَإِلَٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ (٤٦)

اور بندگی ہماری تمہاری ایک کو ہے، اور ہم اسی کے حکم پر ہیں۔

وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ

اور ویسے ہی ہم نے اُتاری تجھ پر کتاب۔

فَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يُؤْمِنُونَ بِهِ

سو جن کو ہم نے کتاب دی ہے، وہ اسکو مانتے ہیں۔

وَمِنْ هَٰؤُلَاءِ مَن يُؤْمِنُ بِهِ

اور ان لوگوں (اہل مکہ) میں بھی بعضے ہیں کہ اسکو مانتے ہیں۔

وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا الْكَافِرُونَ (٤٧)

اور منکر وہی ہیں ہماری باتوں سے، جو بے حکم ہیں۔

وَمَا كُنتَ تَتْلُو مِن قَبْلِهِ مِن كِتَابٍ وَلَا تَخُطُّهُ بِيَمِينِكَ

اور تُو پڑھتا نہ تھا اس سے پہلے کوئی کتاب، اور نہ لکھتا تھا اپنے داہنے ہاتھ سے،

إِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُونَ (٤٨)

(اگر ایسا ہوتا) تو البتہ شبہ کھاتے یہ جھوٹے۔

بَلْ هُوَ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ فِي صُدُورِ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ

بلکہ یہ قرآن آیتیں ہیں صاف، سینے میں اُنکے جن کو ملی ہے سمجھ۔

وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا الظَّالِمُونَ (٤٩)

اور منکر نہیں ہماری باتوں سے مگر وہی جو بے انصاف ہیں۔

وَقَالُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَاتٌ مِّن رَّبِّهِ

اور کہتے ہیں کیوں نہ اُتریں اس پر کچھ نشانیاں، اسکے رب سے،

قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ عِندَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ (٥٠)

تُو کہہ، نشانیاں تو ہیں اختیار میں اللہ کے۔ اور میں تو یہی سنا دینے والا ہوں کھول کر۔

أَوَلَمْ يَكْفِهِمْ أَنَّا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ يُتْلَى عَلَيْهِمْ

کیا انکو بس (کافی) نہیں کہ ہم نے تجھ پر اُتاری کتاب کہ اُن پر پڑھی جاتی ہے؟

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَرَحْمَةً وَذِكْرَىٰ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ (٥١)

بیشک اس میں مہر (رحمت) ہے، اور سمجھانا (نصیحت) ان لوگوں کو جو مانتے (ایمان لاتے) ہیں۔

قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ شَهِيدًا

تُو کہہ، بس (کافی) ہے اللہ میرے تمہارے بیچ گواہ۔

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

جانتا ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں۔

وَالَّذِينَ آمَنُوا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوا بِاللَّهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (٥٢)

اور جو لوگ یقین لائے ہیں جھوٹ پر اور منکر ہوئے ہیں اللہ سے، انہی کا بُرا ہونا ہے۔

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ

اور شتاب (جلد) مانگتے ہیں تجھ سے آفت۔

وَلَوْلَا أَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاءهُمُ الْعَذَابُ

اور اگر نہ ہوتا ایک وعدہ ٹھہر رہا، تو آ پہنچتی اُن پر آفت۔

وَلَيَأْتِيَنَّهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ (٥٣)

اور آئے گی اُن پر (آفت) اچانک، (کہ) انکو خبر نہ ہوگی۔

يَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ

شتاب (جلد) مانگتے ہیں تجھ سے عذاب۔

وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ (٥٤)

اور دوزخ گھیر رہی ہے منکروں کو۔

يَوْمَ يَغْشَاهُمُ الْعَذَابُ مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ

جس دن گھیرے گا اُنکو عذاب اُوپر سے اور پاؤں کے نیچے سے،

وَيَقُولُ ذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (٥٥)

اور کہے گا چکھو جیسا کچھ کرتے تھے۔

يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ أَرْضِي وَاسِعَةٌ فَإِيَّايَ فَاعْبُدُونِ (٥٦)

اے بندو میرے جو یقین لائے ہو! میری زمین کشادہ ہے، سو مجھی کو بندگی کرو۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ

جو جی ہے سو چکھے گا موت۔

ثُمَّ إِلَيْنَا تُرْجَعُونَ (٥٧)

پھر ہماری طرف پھر (لوٹ) آؤ گے۔

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُبَوِّئَنَّهُم مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا

اور جو لوگ یقین لائے اور کیے بھلے کام، ان کو ہم جگہ دیں گے بہشت میں جھروکے (محل)،

تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا

نیچے بہتی نہریں، سدا رہیں ان میں،

نِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ (٥٨)

خوب نیگ (اجر) ملا کام والوں کو۔

الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ (٥٩)

جو ٹھہرے (صبر کرتے) رہے اور اپنے رب پر بھروسہ رکھا۔

وَكَأَيِّن مِن دَابَّةٍ لَا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللَّهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ

اور کتنے جانور ہیں جو اُٹھا نہیں رکھتے اپنی روزی، اللہ روزی دیتا ہے ان کو اور تم کو،

وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (٦٠)

اور وہی ہے سنتا جانتا۔

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

اور جو تو لوگوں سے پوچھے، کس نے بنائے آسمان وزمین، اور کام لگائے سورج اور چاند؟

لَيَقُولُنَّ اللَّهُ

تو کہیں اللہ نے۔

فَأَنَّى يُؤْفَكُونَ (٦١)

پھر کہاں سے اُلٹ جاتے ہیں۔

اللَّهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ لَهُ

اللہ پھیلاتا ہے روزی جسکے واسطے چاہے اپنے بندوں میں، اور ماپ کر دیتا ہے جسکو چاہے۔

إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (٦٢)

بیشک اللہ ہر چیز سے خبردار ہے۔

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّن نَّزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً

اور جو تو پوچھے اُن سے، کس نے اتارا آسمان سے پانی؟

فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِن بَعْدِ مَوْتِهَا

پھر جلا دیا (زندگی بخشی) اُس سے زمین کو، اسکے مرے پیچھے،

لَيَقُولُنَّ اللَّهُ

تو کہیں اللہ نے۔

قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ

تو کہہ، سب خوبی اللہ کو ہے۔

بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ (٦٣)

پر بہت لوگ نہیں بوجھتے ۔

وَمَا هَذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَهْوٌ وَلَعِبٌ

اور یہ دنیا کا جینا تو یہی ہے جی بہلانا اور کھیلنا ۔

وَإِنَّ الدَّارَ الْآخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ

اور پچھلا (آخرت کا) گھر جو ہے سو یہی ہے جینا ۔

لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ (٦٤)

اگر یہ سمجھ رکھتے ۔

فَإِذَا رَكِبُوا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ

پھر جب سوار ہوئے کشتی میں پکارنے لگے اللہ کو، نرے، اسی پر رکھ کر نیت ۔

فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ إِذَا هُمْ يُشْرِكُونَ (٦٥)

پھر جب بچالایا انکو زمین کی طرف، اسی وقت لگے شریک پکڑنے ۔

لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ وَلِيَتَمَتَّعُوا

مکرتے رہیں ہمارے دیئے سے اور برتتے رہیں ۔

فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (٦٦)

سب آگے جان لیں گے ۔

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا آمِنًا وَيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ

کیا نہیں دیکھتے؟ کہ ہم نے رکھدی ہے پناہ کی جگہ امن کی، اور لوگ اُچکے جاتے ہیں اُنکے پاس سے ۔

أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَةِ اللَّهِ يَكْفُرُونَ (٦٧)

کیا جھوٹ پر یقین رکھتے ہیں، اور اللہ کا احسان نہیں مانتے ؟

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُ

اوراس سے بے انصاف کون؟ جو باندھے اللہ پر جھوٹ، یا جھٹلائے سچی بات کو، جب اس تک پہنچے؟

أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكَافِرِينَ (٦٨)

کیا دوزخ میں بسنے کی جگہ نہیں منکروں کی؟

وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا

اور جنھوں نے محنت کی ہمارے واسطے، ہم سجھائیں گے انکو اپنی راہیں۔

وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ (٦٩)

اور بیشک اللہ ساتھ ہے نیکی والوں کے۔

**********

**© Copy Rights:**
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**